٦

# آؤ دسترخوان بِچھائیں

آؤ ، دسترخوان بِچھائیں
مِل جُل کر سب کھانا کھائیں

بھائی ، پہلے ہاتھ تو دھولو
کھاتے ہوئے بیکار نہ بولو

بِسم اللہ جو بھُولا کوئی
اُس نے ساری برکت کھوئی

دائیں ہاتھ سے کھانا کھاؤ
دیکھو ہرگز بھُول نہ جاؤ

چھوٹے چھوٹے لُقمے کھانا
ہر لُقمے کو خُوب چبانا



کھانے میں مت عَیب نکالو
جو بھی ملے خوش ہوکر کھالو

خوش خوش باہم کھانا اچّھا
کچھ بھوکے اُٹھ جانا اچّھا

کھانا کھا کر ، فرض ہے سب کا
شُکر کریں سب اپنے رَب کا

(مائلؔ خیرآبادی)

لُقمہ - نوالہ
عیب - برائی
باہم - مل جل کر

## مشق

- **ایک جملے میں جواب لکھو:**

۱۔ کھانے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟
۲۔ کھانا شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟
۳۔ کھانا کس ہاتھ سے کھانا چاہیے؟
۴۔ شاعر نے کھانے کے بارے میں کس بات سے منع کیا ہے؟
۵۔ کھانا کھانے کے بعد کیا کرنا چاہیے؟

- **نیچے کھانے کا طریقہ بے ترتیب دیا گیا ہے۔ نظم پڑھ کر اسے صحیح ترتیب میں لکھو۔**

- ہاتھ دھونا
- چھوٹے چھوٹے لُقمے بنانا
- دسترخوان بچھانا
- رب کا شکر ادا کرنا
- بسم اللہ پڑھنا
- دائیں ہاتھ سے کھانا

**سرگرمی:** نظم میں بتائے گئے طریقے سے کھانے میں بہت سے فائدے ہیں۔ اپنے استاد سے ان فائدوں کی معلومات حاصل کرو مثلاً کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کا کیا فائدہ ہے؟